معمولاتِ خصوصی طریقۂ عالیہ قلندریہ رحمانیہ

موسوم

# الطافِ سبحانی

فیض

قلم گہرزاں

حضرت شاہ اسد الرحمٰن قدسی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

رحمانی پبلیکیشنز

کمرہ نمبر 1010 کاوش کراؤن، 10th فلور، شاہراہِ فیصل، کراچی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ آغاز

اللہ تعالیٰ کا شکر و احسان ہے کہ اسکی عطا کردہ توفیق کے نتیجہ میں قلندر زماں محترم المقام حضرت شاہ اسد الرحمٰن قدسی دامت برکاتہم و فیضانہم کے مرتب کردہ صبح و شام کے معمولاتِ خصوصی طریقہ عالیہ قلندریہ رحمانیہ موسوم "الطافِ سبحانی" کو نئی کتابت کے بعد شائع کیا جا رہا ہے تاکہ اللہ کے بندے ان جواہر ریزوں سے زیادہ سے زیادہ فیض یاب ہو سکیں اور ہر طرح کی دینی و دنیاوی خیر و برکت سے مالا مال ہوں۔

احباب و خواتین سے درخواست ہے کہ صاحبِ معمولات حضرت شاہ اسد الرحمٰن قدسی نوراللہ

مرقدہ کی مغفرت ورفع درجات کیلئے نیز حضرت صاحب کے جملہ اہلِ خانہ اور متوسلین سلسلہ کی درازی عمر، صحت وترقی درجات کیلئے بطورِ خاص دعا فرمائیں۔ آپ سے مزید گزارش ہے کہ اپنی دعاؤں میں ناشر، اس کے والدین اور اہلِ خانہ کے علاوہ عامۃ المسلمین کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں تو بہت احسان ہوگا۔

آیاتِ قرآنی کی کتابت اور پروف ریڈنگ انتہائی احتیاط سے کی گئی ہے تاہم اگر پھر بھی کہیں کوئی غلطی نظر آئے تو براہِ کرم تحریری طور پر ناشر کے پتہ پر مطلع فرمائیں۔

خواستگار

محمد عتیق رحمانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جب نماز کے لیے قبلہ رُخ کھڑے ہوتے ہیں۔ پہلے آیت نیت ایک بار پڑھتے ہیں۔

# آیۂ نیّت

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

بے شک ہر طرف سے میں اپنا منہ موڑ کر اس کی طرف رُخ کرتا ہوں جس نے آسمانوں

وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

اور زمین کو بنایا اور بے شک میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں

اس کے بعد دُعاء صدق ایک بار پڑھتے ہیں۔

# دُعاء صدق

رَّبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي

اے پروردگار مجھے صدق کے مقام میں داخل فرما اور صدق کے ساتھ ہی

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَل لِّي مِن لَّدُنكَ

باہر نکال اور اپنی حضور میری حفاظت و

سُلْطَانًا نَّصِيرًا ۝

نگہبانی فرما۔

اس کے بعد تکبیر کہتے ہوئے دست بستہ ہو جاتے ہیں۔ ہر رکعت کے رکوع کے بعد قومہ میں رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کے بعد دُعاءِ انابت ایک بار پڑھتے ہیں۔

## دُعاءِ انابت

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَ

ہمارے رب ہم تجھ پر ہی بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اور

إِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○

تیری ہی طرف ہم کو لوٹنا ہے

ہر دو سجدہ کے درمیان جلسہ میں دُعاءِ مغفرت و مرحمت ایک بار پڑھتے ہیں۔

## دُعاءِ مغفرت و مرحمت

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ○

پروردگار بخشش اور رحم فرما تو بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

قعدہ میں التحیات و درود کے بعد دُعا ءِ توبہ ایک بار پڑھتے ہیں۔

## دُعاءِ توبہ

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ

پروردگار مجھ کو توفیق دے کہ جو انعام و کرم تو نے مجھ پر

عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ

اور میرے والدین پر فرمائے ہیں ان کا شکر ادا کروں اور عمل صالح کی توفیق عطا فرما جس سے تو راضی ہو

وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَ

حاصل ہو اور میرے وابستگان میں نیک خلق پیدا کر۔ میں تیری حضور میں توبہ کرتا ہوں،

اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

بے شک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں

سجدہ سہو میں دُعاءِ سہو ایک بار پڑھتے ہیں۔

## دُعاءِ سجدہ سہو

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ

ہمارے رب عذاب دوزخ کو ہم سے دور رکھنا بے شک

عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ

دوزخ کا عذاب سخت ہے۔

سجدۂ تلاوت میں تسبیح تلاوت ایک بار پڑھتے ہیں

# تسبیح سجدہ تلاوت

سُبْحَانَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ○

پاک ہے ہمارا پروردگار بے شک ہمارے رب کا وعدہ پورا ہو کر رہا

ہر فرض نماز کے بعد دُعاء جلیلہ ایک بار پڑھتے ہیں:۔

# دُعاء جلیلہ

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا سُبْحٰنَكَ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ

اے اللہ ہمارے پروردگار تو پاک ہے اور حمد بھی تجھی کو زیبا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ؕ اَنْتَ

تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں تو ہی

وَلِيُّنَا ؕ فَاغْفِرْ لَنَا ؕ وَارْحَمْنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

ہمارا آقا ہے پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہم پر رحم فرما بے شک تو

السَّلَامُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ

سلامتی عطا فرمانے والا ہے اے صاحب جلال و اکرام

دُعاء جلیلہ کے بعد ایک بار یہ دُعائیں پڑھتے ہیں

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

ہمارے رب ہماری دعائیں قبول فرما بے شک تو سمیع و علیم ہے

وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝

اور ہم پر توبہ کی برکات نازل فرما بیشک تو تواب و رحیم ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلَّذِينَ

ہمارے رب ہم کو کافروں کی فتنہ پردازی کا شکار نہ بنا

كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنْتَ

ہماری غلطیوں کو بخش دے ہمارے رب بیشک تو

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

عزیز و حکیم ہے۔ ہمارے رب ہم ایمان لائے ہیں ہمارے گناہ بخش دے

وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ۝

اور ہم پر رحم فرما اور تو بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ

ہمارے رب مجھ کو اور میرے والدین کو اور سب ایمان والوں کو

يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ۝ رَبَّنَا

حساب اعمال کے دن بخش دینا ہمارے رب

اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

ہم کو اور ہمارے ان دینی بھائیوں کو جو ہم سے پہلے

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا

ایمان لا چکے ہیں، بخش دے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کی طرف سے کوئی

لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ

کینہ یا دشمنی نہ رہنے دے ہمارے رب بیشک تو رءوف و

رَّحِيْمٌ ○ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً

رحیم ہے ہمارے رب ہم کو دنیا و آخرت میں حسنات عطا فرما

وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے امان دے۔

نمازِ جمعہ کے بعد یہ دُعائیں پڑھتے ہیں۔

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

پروردگار مجھ کو اور میرے وابستگان کو نماز پر قائم رکھ

ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ط رَبَّنَا هَبْ لَنَا

ہمارے رب ہماری دُعا قبول فرما ہمارے رب ہم کو

مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا

ہمارے رفیق زندگی اور اولاد ت سے آنکھوں ٹھ عطا ما اور

لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ط رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا

پرہیزگاروں کا پیشوا بنا ہمارے رب ہمارے گناہوں کو

ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَ

بخشش دے اور جو نامناسب زیادتیاں ہم سے ہوتی ہیں ان سے

ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى

درگزر فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور ہم کو نافرمانوں پر

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

غالب فرما

دعاؤں کے بعد درود تنجینا ایک بار پڑھتے ہیں۔

# درود تنجینا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی درود وسلام بھیج ہمارے سردار اور آقا

مُحَمَّدٍ صَلَاةً وَّسَلَامًا تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ

حضرت محمد پر درود وسلام کہ اس کے واسطے نجات دے تو

جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا

ہم کو ڈروں اور بلاؤں سے اور کرے تو اس کے وسیلہ سے

بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا

ہماری سب حاجتیں پوری اور پاک کرے تو اس کی برکت سے

مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ

ہم کو سب گناہوں سے اور بلند کرے تو اپنی عنایات سے

اَعْلَى الدَّرَجٰتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ

ہمارے درجات اور پہنچائے تو ہم کو نیکیوں کی منتہاؤں

مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيَاتِ وَبَعْدَ

سے زندگی میں اور بعد

الْمَمَاتِ ۚ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

موت کے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

اپنی رحمت کے ساتھ اے بے حد رحم فرمانے والے

## دُعاءِ امان و روزی

یہ دُعا روزانہ بعد نماز ظہر سات بار پڑھتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

معبود ملک کے مالک تو جس کو چاہے ملک بخشے

تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ

اور جس سے چاہے ملک چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے

تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط إِنَّكَ

اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی قبضہ قدرت میں ہے بیشک

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ

تو ہر چیز پر قادر ہے تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور

تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے

وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ

اور تو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے ۔ اور تو ہی جس کو چاہتا ہے

تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا

بے حساب رزق عطا فرماتا ہے ۔ پروردگار اس بستی کو امن کی جگہ بنا ۔

اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ

اور اس کے رہنے والوں کو جو اللہ اور

مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط

روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں روزی عطا فرما ۔

# تسبیحات عصر

یہ تسبیحات بعد نماز عصر ایک بار پڑھتے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى وَتَبَارَكَ اسْمُهٗ

① سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ الصَّمَدُ الْوَاحِدُ

② سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ

③ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ النُّوْرُ الْعَلِيْمُ

④ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ

٥ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ

إِلَّا اللهُ الرَّحِيْمُ الْكَرِيْمُ

٦ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ

إِلَّا اللهُ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ

٧ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ

إِلَّا اللهُ الْحَمِيْدُ الْمَجِيْدُ

٨ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ

إِلَّا اللهُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ

٩ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ

إِلَّا اللهُ الْقَرِيْبُ الْمُجِيْبُ

١٠ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ

إِلَّا اللهُ الْعَفُوُّ الْغَفُوْرُ

١١ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللهُ الرَّءُوْفُ الْعَفُوُّ

١٢ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللهُ الْمَالِكُ الْمَلِيْكُ

١٣ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللهُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ

١٤ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللهُ الرَّبُّ الرَّفِيْعُ

١٥ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللهُ الْعَزِيْزُ الْوَهَّابُ

١٦ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللهُ الْمَلِيْكُ الْمُقْتَدِرُ

۱۷ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْغَنِیُّ الْحَلِیْمُ

۱۸ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْحَفِیْظُ الْوَكِیْلُ

۱۹ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ

۲۰ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْبَدِیْعُ الْقَادِرُ

۲۱ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْحَافِظُ النَّاصِرُ

۲۲ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْعَلَّامُ

٢٣ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ

٢٤ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْاَوَّلُ الظَّاهِرُ

٢٥ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ اللَّطِيْفُ الْبَاطِنُ

٢٦ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْخَبِيْرُ الْاٰخِرُ

٢٧ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْحَفِيْظُ الرَّقِيْبُ

٢٨ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الرَّقِيْبُ الْوَكِيْلُ

٢٩ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيْمُ الشَّهِيْدُ

٣٠ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الشَّهِيْدُ الْمُقِيْتُ

٣١ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْحَسِيْبُ الْجَامِعُ

٣٢ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْوَاسِعُ الْمُحِيْطُ

٣٣ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْقَاهِرُ الْحَفِيْظُ

٣٤ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ الْوَكِيْلُ النَّصِيْرُ

۲۵ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

صَلٰوةٌ وَّسَلَامٌ عَلَيْهِ۔

# التسبیح اعظم

# اللّٰہ

## اللّٰہ

## سُبْحٰنَ اللّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

پاک ہے اللہ پروردگار سب جہانوں اور جہان والوں کا

بعد نماز مغرب ۲۱ تسبیح پڑھ کر نقش مبارک اَللّٰہ کو اکثر سے جیسا کہ تسبیح اعظم روزانہ ستر بار پڑھتے ہیں۔ اس کے بعد ستر بار یہ آیۂ کریمہ پڑھتے ہیں۔

## حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ○

کافی ہے ہم کو اللہ اور اچھا کارساز

بعد نماز عشا سات بار پڑھتے ہیں۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ ایک بار پڑھتے ہیں۔

**تسبیح اعظم الاذکار**

## سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ؕ

پاک ہے ملک و ملکوت کا مالک

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْعَظَمَۃِ وَالْقُدْرَۃِ وَالْهَیْبَۃِ

پاک ہے صاحب عزت ، صاحب عظمت ، صاحب قدرت ، صاحب ہیبت ،

وَالْکِبْرِیَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ۔ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ

صاحب بزرگی اور جبروت کا مالک پاک ہے بادشاہ زندہ جس کے لئے نہ نیند ہے

وَلَا یَمُوْتُ ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ

نہ موت پاک پاکیزہ ہمارا رب اور فرشتوں اور روح کا رب۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ○

پاک ہے اللہ اور حمد جس اسی کی ہے پاک ہے اللہ عظمت والا

## سُوْرَہ فاتحہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

اللہ رحمٰن رحیم کے نام کے ساتھ شروع حمد اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○

رب العالمین ہی کے لیے ہے رحمٰن رحیم سزا و جزا کے دن کا مالک

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے استعانت چاہتے ہیں ہم کو سیدھے راستے کی رہنمائی فرما

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ

ان کا راستہ جن پر نعمت فرمائی نہ جو مغضوب ہوئے

وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○

اور نہ گمراہ ہوئے

# دُعاءِ خاتمہ بالخیر

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے دُنیا و آخرت میں تو ہی میرا

وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۞

کارساز ہے مجھ کو مسلمان اٹھانا اور نیک بندوں میں شامل فرمانا۔

**دُعاء تعوُّذ** — اس کے بعد تین بار دُعاء تعوُّذ پڑھتے ہیں

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ

پروردگار میں شیاطین کے ڈالے ہوئے وسوسوں

الشَّيٰطِيْنِ ۙ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

سے اور ان کے آنے سے تیری پناہ میں اپنے کو دیتا ہوں۔

**کلمۂ رَدِّ کفر** — اس کے بعد ایک بار کلمہ ردِّ کفر پڑھتے ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اے اللہ پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ

اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا

میں کسی کو تیرا شریک کروں جان بوجھ کر اور تیری مغفرت چاہتا ہوں

لَا اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ

ان گناہوں کی جن کا مجھے علم نہیں توبہ کرتا ہوں اور میں فرمانبردار ہوں اور کہتا ہوں کہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد اللہ کے رسول ہیں۔

اس کے بعد تین بار کلمہ شہادت پڑھتے ہیں ۔

# کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ۔

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔

اور شہادت دیتا ہوں کہ حضرت محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں ۔

اس کے بعد درود شریف حسبِ بار پڑھتے ہیں۔

# درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ

پروردگار ہمارے آقا و سردار حضرت محمد اور

عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

ان کی آل اور اصحاب پر رحمت اور برکت اور سلامتی نازل فرما ۔

اس کے بعد یہ تسبیح پڑھتے ہوئے سو جاتے ہیں۔

# تسبیح خواب

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ

پاک ہے تیرا پروردگار رب العزت ان صفات سے جو یہ مشرکین و کافرین اس کی پاک ذات کو متصف کرتے ہیں اور سلام

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سب رسولوں پر اور حمد تو رب العالمین ہی کے لیے ہے ۔

# نمازِ تہجّد

تہجد کی نماز میں آٹھ رکعت بھی پڑھتے ہیں۔
بارہ رکعت بھی پڑھتے ہیں۔ جو لوگ حافظ کلام
اللہ ہیں۔ مسلسل قرآن مجید ہر رکعت میں
بعد فاتحہ ایک رکوع یا تین رکوع پڑھتے ہیں
جو لوگ حافظ نہیں ہیں۔ ان کے دو معمول
ہیں۔ ایک معمول تو یہ ہے کہ ہر دو رکعت کی
پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی اور
دوسری رکعت میں بعد فاتحہ آیہ نور پڑھتے
ہیں۔ دوسرا معمول یہ ہے کہ ہر رکعت میں
بعد فاتحہ سورۃ قدر پڑھتے ہیں۔

# آیۃ الکرسی

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ حی و قیوم ہے ۔ اس کے لیے

سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ

نہ اونگھ ہے اور نہ نیند آسمانوں میں اور زمین میں

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا

سب کچھ اسی کا ہے کس کی مجال جو اسکی اجازت کے بغیر اسکی حضور میں کسی کی سفارش کرسکے جو کچھ

بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ

لوگوں کے روبرو ہے وہ سب اس کے علم میں ہے اس کے علم میں سے کسی چیز کا کوئی

مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ

احاطہ نہیں کرسکتا مگر جس کو وہ چاہے ۔ اس کا تخت حکومت آسمانوں

وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

اور زمین پر چھایا ہوا ہے اور ان کی نگرانی اسے تھکاتی نہیں اسکی ذات بڑی ہی بلند مرتبہ اور عظمت والی ہے

# آیۂ نور

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ

اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال ایسی ہے

كَمِشْكٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ؕ

کہ گویا کہ ایک طاق ہے جس میں چراغ ہے ۔ چراغ قندیل میں ہے

الزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ

قندیل گویا تارا ہے موتی کی طرح چمکتا ہے

شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا

شجر مبارک کے تیل سے روشن ہے نہ شرقی ہے نہ

غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ

غربی ہے آگ سے چھوئے بغیر وہ تیل جلنے کے قابل ہے

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ

روشنی پر روشنی ہے اللہ جس کو چاہتا ہے روشنی سے نوازتا ہے

يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۝

اللہ لوگوں کے سمجھنے کے لیے مثالیں ارشاد فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز سے آگاہ ہے۔

## سورہ قدر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ رحمن و رحیم کے نام سے

اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَاۤ اَدْرٰٮكَ مَا

ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا تم کیا جانو

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝

شب قدر کیا ہے؟ شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ

اس میں فرشتے اور روح اترتے ہیں اللہ کے حکم سے

كُلِّ اَمْرٍ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

ہر کام کے لیے یہ سلامتی ہے طلوع فجر تک

آخر میں ایک رکعت وتر واجب ادا کرتے ہیں وتر واجب کی ایک رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الایمان پڑھتے ہیں۔

## آیۃ ایمان

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

رسول ایمان رکھتے ہیں اس پر جو ان پر ان کے رب کی طرف سے نازل ہوا اور مومن بھی

كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۛ

سب ایمان والے اللہ پر اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر لائے ہیں

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۛ وَقَالُوْا سَمِعْنَا

رسولوں میں سے کسی میں کوئی فرق نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ ہم نے حکم سنا

وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ

اور اطاعت کی ہم تیری بخشش مانگتے ہیں پروردگار اور تیری ہی طرف ہم کو حاضر ہونا ہے۔

اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۚ

خدا کسی نفس پر اس کی طاقت سے زیادہ ذمہ داری نہیں ڈالتا۔ جو جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔

رکوع کے بعد قومہ میں رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ
کے بعد دعائے قنوت پڑھتے ہیں۔

## دُعاء قنوت

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَّسِيْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا ج رَبَّنَا وَ

ہمارے رب اگر ہم سے کوئی بھول چوک ہو جائے تو مؤاخذہ نہ فرمانا۔ ہمارے رب

لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى

ہم پر بندشوں کا ایسا بوجھ نہ ڈالنا جیسا ہم سے پہلے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا

لوگوں پر ڈالا تھا۔ ہمارے رب ہم پر ایسی پابندیوں کا بوجھ نہ ڈال

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَ

جس کی ہم ناتوانوں میں سکت نہ ہو۔ ہماری غلطیوں کو معاف فرما۔ ہمارے گناہوں کو بخش دے

ارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا آقا ہے پس ہم کو نافرمان و سرکش لوگوں پر غالب فرما

بعد نماز تہجد تسبیح سحر گاہی ستر بار پڑھتے ہیں اس کے بعد تلاوت کلام اللہ کرتے ہیں فجر تک۔ اور نماز فجر میں سنت و فرض کے درمیان سورۃ فاتحہ سات بار پڑھتے ہیں۔ ہر بار میں آیۂ کریمہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ٥ کی دس بار تکرار کرتے ہیں۔

---

## تسبیح سحر گاہی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

اے معبود تیری ذات پاک ہے اور حمد بھی تیرے ہی لئے زیبا ہے۔ تیری

اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔

ذات کے سوا کوئی معبود نہیں اپنے تمام معاصی سے استغفار کرتا ہوں اور آئندہ کے لیے توبہ کرتا ہوں

**نوٹ :**

تسبیح سحر گاہی پڑھتے وقت معنی ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔

بعد نماز فجر ایک بار پڑھتے ہیں۔

# تسبیحاتِ فجر

بِسْمِ اللّٰهِ سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰى وَتَبَارَكَ اسْمُهٗ۔

١ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

٢ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

٣ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

٤ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ۔

٥ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۔

٦ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

٧ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِيْمُ الْخَبِيْرُ۔

٨ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ۔

٩ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

۱۰ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

۱۱ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

۱۲ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

۱۳ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْخٰلِقُ الْعَلِيْمُ

۱۴ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

۱۵ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ

۱۶ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ

۱۷ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

۱۸ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ

۱۹ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ

۲۰ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ

۲۱ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ

۲۲ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ

۲۳ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ

۲۴ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ

۲۵ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ۔

۲۶ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

۲۷ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ ۔

۲۸ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ ۔

۲۹ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ ۔

۳۰ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۔

۳۱ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْخَالِقُ الْبَارِئُ ۔

۳۲ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ ۔

۳۳ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۔

۳۴ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۔

۞ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۔
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلٰوةٌ وَّسَلٰمٌ عَلَيْهِ

# اسماءُ الحُسنیٰ

لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۔

سب پاک نام اللہ کے ہیں پس اس کو ان ہی پاک ناموں سے پکارو اور ان ہی پاک ناموں کے وسیلے سے اپنی حاجات کی دُعائیں مانگو ۔

يَآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مَلِكُ
يَا قُدُّوْسُ يَا سَلٰمُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ
يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا خَالِقُ
يَا بَارِئُ يَا مُصَوِّرُ يَا بَدِيْعُ يَا قَادِرُ

يَآ أَحَدُ يَا رَبُّ يَا قَوِیُّ يَا حَفِيظُ

يَا وَهَّابُ يَا قَهَّارُ يَا وَاحِدُ يَا صَمَدُ

يَآ أَوَّلُ يَا غَفَّارُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ

يَا نُورُ يَا بَاطِنُ يَا ظَاهِرُ يَآ اٰخِرُ

يَا لَطِيفُ يَا حَكِيمُ يَا شَهِيدُ يَا عَلِيمُ

يَا حَلِيمُ يَا بَصِيرُ يَا سَمِيعُ يَا خَبِيرُ

يَا عَظِيمُ يَا عَلِيُّ يَا شَكُورُ يَا غَفُورُ

يَا مَجِيدُ يَا كَبِيرُ يَا رَءُوفُ يَا كَرِيمُ

يَا حَقُّ يَا مُجِيبُ يَا قَرِيبُ يَا وَدُودُ

يَا قَدِيرُ يَا وَكِيلُ يَا حَمِيدُ يَا وَلِيُّ

يَا جَامِعُ يَا غَنِيُّ يَا عَفُوُّ يَا تَوَّابُ

يَا بَرُّ يَا حَسِيبُ يَا مُقِيتُ يَا رَقِيبُ

# يَا وَاسِعُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ ❋❋

## اِسْتَجِبْ دَعْوَتِيْ بِاَسْمَآئِكَ

میری دعا قبول فرما اپنے پاک ناموں کے

## الْحُسْنٰى وَبِاَعْظَمِ اَسْمَآئِكَ

واسطہ سے اور اسم اعظم کے وسیلہ سے

### طریقِ عمل:

آخر شب میں تسبیح سحر گاہی کے بعد اسماء حُسنٰی رجوع الی اللہ کے ساتھ ایک بار پڑھ کر اپنی حسب حاجت دُعا پوری یکسوئی سے اپنا مطلب ذہن میں رکھ کر ایک ہزار بار پڑھتے ہیں۔ آخر میں دُرود تنجینا ایک بار پڑھ کر دُعا مانگتے ہیں، جب تک حاجت بر آری نہ ہو روزانہ عمل کرتے ہیں۔

# حاجات کی مقبول دُعائیں

۱۔ فاقہ و ناداری دُور ہونے کی دُعا

**اَللّٰهُمَّ رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَاۤىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ**

اے اللہ ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے خوانِ نعمت اُتار

**تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَ اٰیَةً**

ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لیے عید بنا اور یہ تیری قدرت کی ایک نشانی

**مِّنْكَ وَ ارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ○**

ہو اور ہم کو رزق عطا فرما تو بہتر روزی عطا فرمانے والا ہے۔

۲۔ حلِ مشکلات اور ادائے قرض کی دُعا۔

**رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَیِّئْ**

ہمارے پروردگار اپنی رحمت نازل فرما کر ہماری حاجت برآری

**لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ○**

کی راہیں کھول دے

۳۔ اضطراب، قلق اور دل کی پریشانی دُور ہونے کی دُعا۔

**رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَ هَبْ**

ہمارے رب کو ہدایت یافتہ ہونے کے بعد ہمارے دلوں کو خرابی میں نہ ڈال اور اپنی

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ○

حضور سے ہم کو رحمت عطا فرما، بیشک تو عطا فرمانے والا ہے۔

۴۔ ظاہری اور باطنی بیماریوں سے شفایابی کی دُعا۔

رَبِّ إِنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ○

پروردگار مجھ کو بیماری نے پکڑا ہے اور تو ارحم الراحمین ہے۔

۵۔ ناگہانی مصیبت سے نجات اور غیبی امداد کی دُعا۔

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ○

پروردگار جو نعمت (غیبی مدد) میرے لیے نازل فرمائے میں اس کا سخت حاجت مند ہوں

۶۔ اطمینانِ قلب اور تسکین خاطر کی دُعا۔

رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ

ہمارے رب جو کتاب تو نے اتاری اس پر ہم ایمان لائے اور تیرے رسول کی اتباع

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ

اختیار کی پس ہم کو شاہدوں میں لکھ دے۔

۷۔ روشن ضمیری اور کشف احوال کی دُعا۔

رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا نُعْلِنُ ۗ وَمَا يَخْفَىٰ

ہمارے رب جو کچھ ہم چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں تجھ کو سب معلوم ہے اور

عَلَى اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۗ

اللہ پر کوئی چیز چھپی نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں

۸۔ طلب اولاد کی دُعا۔

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً

پروردگار اپنی قدرت سے مجھ کو نیک اولاد عطا فرما

إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ

بیشک تو سب کی دُعائیں سُنتا ہے۔

۹۔ غلبہ ونصرت کی دُعا

رَبِّ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانتَصِرْ ۝

پروردگار میں مغلوب ہوں مجھ کو نصرت عطا فرما

۱۰۔ مقہوری اعداء کی دُعا۔

رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَأَهُ زِينَةً وَ

ہمارے رب تو نے دشمن کو اور اس کے ساتھیوں کو دنیاوی زندگی میں کچھ

أَمْوَالًا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوا عَن سَبِيلِكَ

زینت و مال دے رکھا ہے ہمارے رب کیا یہ اس لیے ہے کہ تیرے راستہ میں رکاوٹ ڈالیں؟

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰ أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ

ہمارے رب ان کے عارضی مال و دولت کو تجکس کر رکھ دے اور ان مغروروں کے دلوں پر ظلم پڑے ڈال دے

فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ۝

پس کہیں ایمان نہ پائیں یہاں تک کہ المناک عذاب دیکھیں

جھوٹ، غیبت فضول بکواس و مشاغل سے اور مکروہ مشتبہ، ناپاک و مضر صحت ماکولات و مشروبات سے پرہیز رکھتے ہیں۔ ہر وقت باوضو رہتے ہیں اور لیٹے بیٹھے، چلتے پھرتے ہر حال میں وردِ قلندری جاری رکھتے ہیں۔

# وردِ قلندری

اَللّٰهُ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ

اللہ تمہارے ساتھ ہے تم کہیں بھی ہو پس اللہ بہتر حفاظت

حٰفِظًا ۠ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

فرمانے والا ہے اور وہ ارحم الراحمین ہے۔

مجیب الدعوات توفیق عمل عطا فرمائے اور شرفِ قبولیت بخشے۔

الفقیر

اسد الرحمٰن قدسی

(جملہ حقوق حق آستانہ محفوظ ہیں)

نام : الطافِ سبحانی
موضوع : معمولاتِ خصوصی طریقہ عالیہ قلندریہ رحمانیہ
فیض : قلندر زماں حضرت شاہ اسد الرحمٰن قدسی رحمتہ اللہ علیہ
اہتمام وترتیب : محمد عتیق رحمانی کراچی-پاکستان
ناشر : رحمانی پبلیکیشنز کمرہ نمبر 1010 کاوش کراؤن، 10th فلور، شاہراہِ فیصل، کراچی۔
ملنے کا پتہ : رحمانی اسپورٹس مراد خان روڈ (میریٹ روڈ) کراچی
فون : (021) 243-6060
فیکس : (92-21) 438-4446
438-4447
ای میل : yaallah@fascom.com

# رحمانی پبلیکیشنز کراچی

## قلندرِ زماں

حضرت شاہ اسد الرحمٰن قدسی رحمتہ اللہ علیہ کی مرتب کردہ کتب کو شائع کرنے کے لئے قائم کیا گیا ہے تاکہ متوسلین سلسلہ اور عامۃ المسلمین استفادہ حاصل کرسکیں۔ ادارہ کی معاونت کتابوں کی خریداری کرکے کی جاسکتی ہے۔

رجوع کریں

رحمانی پبلیکیشنز کمرہ نمبر 1010 کاوش کراؤن، 10th فلور، شاہراہِ فیصل، کراچی۔